سوال

(392)ایک عورت ہزار درہم کی مالک ہے وہ ان درہموں کا اپنی بیٹی کو جہیز دے یا حج کرے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک کے پاس ایک ہزار درہم ہے اور اس نے نیت کی کہ وہ اپنی بیٹی کو ان سے کپڑے خرید دے گی۔ کیا اپنی بیٹی کو ان درہموں سے جہیز دینا افضل ہے یا ان سے حج کرنا افضل ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں وہ ہزار درہم رقم سے حج کرے اور چاہے تو باقی رقم سے بیٹی کی شادی کر دے کیونکہ حج اس کے ذمہ فرض ہے جب وہ اس کی طرف راستے کی طاقت رکھتی ہو، اور جس کے پاس اتنی رقم (ہزار درہم) ہو وہ حج کے راستے کی طاقت رکھنے والا شمار ہو گا۔ (ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 336

محدث فتویٰ